# القطبی

استاد: مولانا عرفان مدنی صاحب

جامعہ: فیضان جیلان کڑیال لاہور

کاوش: محمد لوط عطاری

# القطبی مختصر سوالات جوابات

سوال ;
رسالہ شمسیہ کے مصنف کا نام لکھیں؟
جواب
رسالہ شمسیہ کے مصنف کا نام ابو الحسن نجم الدین علی بن عمر بن علی قزدینی ہے
سوال
مصنف قطبی کا نام اور لقب لکھیں؟
جواب
نام : نام محمد
کنیت : ابو عبداللہ
لقب: قطب الدین تحتانی ہے
سوال
رسالہ شمسیہ کتنی چیزوں پر مشتمل ہے؟
جواب
رسالہ شمسیہ پانچ چیزوں پر مشتمل ہے ایک مقدمہ تین مقالے اور ایک خاتمہ ہے
سوال
تین مقالے کس کس چیز کے بارے میں ہیں بیان کریں؟
جواب
مقالہ اولی : مفردات کے بارے میں ہے -
مقالہ ثانی:
قضائیہ اور ان کے احکامات کے بارے میں ہے -

مقالہ ثالثہ:

قیاس کے بیان میں ہے

سوال

مقدمہ اور خاتمہ کس چیز کے بیان میں ہے؟

جواب:

مقدمہ: منطق کی حاجت و ماہیت اور موضوع کے بیان میں ہے

خاتمہ: قیاس کے مادہ اور علم کے اجزاء کے بارے میں ہیں-

سوال

علم کی تعریف بیان کریں؟

جواب

عقل میں کسی شے کا حاصل ہونا علم کہلاتا ہے

اس کو تصور مطلق بھی کہتے ہیں

سوال

علم کی اقسام مع تعریفات بیان کریں؟

جواب

علم کی دو قسمیں ہیں ۱ تصور ۲ تصدیق

تصور: ایسا علم جس کے ساتھ حکم نہ ہو- مثال: الانسان

تصدیق: ایسا علم جس کے ساتھ حکم ہو-مثال: الانسان حیوان

سوال

تصدیق کے بارے میں امام رازی اور حکماء کا اختلاف بیان کریں؟

جواب

امام رازی: تصدیق مرکب ہے-

حکماء: تصدیق بسیط ہے-

سوال

بدیہی اور نظری کی تعریف بیان کریں؟

جواب

بدیہی: وہ علم جو غور و فکر کے بغیر حاصل ہو جائے

مثال: سردی اور گرمی وغیرہ

نظری: وہ علم جس میں غور و فکر کی ضرورت پڑے مثال: عالم حادث ہے

سوال

دور اور تسلسل کی تعریف بیان کریں؟

جواب

دور:

ایک شہر دوسری شے پر موقوف ہو اور دوسری شے خود پہلی شے پر موقوف ہو۔

تسلسل:

کسی نظری چیز کو حاصل کرنے کے لیے امور غیر متناہی کو ترتیب دینا تسلسل کہلاتا ہے۔

سوال

دور اور تسلسل کا حکم بیان کریں؟

جواب

دور اور تسلسل کا حکم اس لیے باطل ہے کے دور اس لیے باطل ہے کہ اس سے لازم اتا ہے کہ ایک چیز خود اپنے وجود پر مقدم ہو جائے گی-اور تسلسل اس لیے باطل ہے کہ اس سے لازم اتا ہے کہ انسان غیر متناہی علم حاصل کر کے مطلوب تک پہنچے حالانکہ نفس انسانی حادث ہے اور وہ غیر متناہی علم کا احاطہ نہیں کر سکتا۔

سوال

نظر و فکر کی تعریف کریں؟

جواب

امور معلومہ کو اس طرح ترتیب دینا کہ وہ ترتیب دینا امور مجہولہ تک پہنچا دے نظر و فکر کہلاتا ہے۔

سوال

ترتیب کی تعریف بیان کریں؟

جواب

متعدد اشیاء کو اس طرح رکھنا کہ ان سب پر ایک نام بولا جا سکے بعض کو بعض پر مقدم کرنے کے ساتھ بعض کو بعض پر موخر کرنے کا نام ترتیب ہے۔

سوال

منطق کی حاجت کیوں پیش آئی بیان کریں ؟

جواب

منطق کی حاجت اس لیےپیش آئی کیونکہ ہر نظر و فکر درست نہیں ہوتی اگر ہر نظر ہو فکر درست ہوتی تو مناطقہ کے آئمہ کا اس میں اختلاف نہ ہوتا اس لیے ہمیں ایسے اصول ضوابط کی ضرورت پیش آئی جس کے ذریعے ہم نظر و فکر کو پہچان سکیں ۔

سوال

منطق کی تعریف اور وجہ تسمیہ بیان کریں؟

جواب

منطقی کی تعریف:

ایسا آلہ قانونیہ جس کی رعایت کرنا ذہن کو فکر میں غلطی سے بچالے علم منطق کہلاتا ہے ۔

وجہ تسمیہ:

اس کے ذریعے قوت نطقیہ کا ظہور ہوتا ہے اس لیے اس کو منطق کہتے ہیں ۔

سوال

مطلق موضوع کی تعریف کریں؟

جواب

ہر علم کا موضوع وہ ہوتا ہے جس کے عوارض اس کے بارے میں اس علم میں بحث کی جائے مثال علم طب کا موضوع انسانی بدن ہے اور بدن کے بارے میں اس علم میں بحث کی جاتی ہے۔

سوال

عارض کی تعریف بیان کریں؟

جواب

جب قضیہ میں محمول موضوع کی حقیقت سے ہو تو اسے عارض کہتے ہیں۔

سوال

عوارض کی اقسام بیان کریں؟

جواب

اس کی دو قسمیں ہیں 1 ذاتیہ 2 غریبہ

سوال

عوارض ذاتیہ اور غریبیہ بیان کریں؟

جواب

عوارض ذاتیہ تین ہیں۔

1وہ عوارض جو معروض کو بلاواسطہ لاحق ہو مثال الانسان متعجب

2 جو معروض کو کسی ایسے خارجی امر ک واسطے سے لاحق ہو اور وہ معروض کے مساوی ہو مثال الانسان ضاحک

3 وہ عوارض جو معروض کو اس کے جزء کے واسطے سے لاحق ہو مثال الانسان متحرک بالارادہ۔

عوارض غریبہ بھی تین ہیں۔

1 وہ عوارض جو معروض کو ایسے خارجی امر کے واسطے سے لاحق ہو جو اپنے معروض سے عام ہو۔

مثال الانسان قاتع للمسافات

2 وہ عوارض جو معروض کو ایسے خارجی امر سے لاحق ہو جو معروض سے خاص ہو

مثال الحوان ضاحک

3وہ عوارض جو معروض کو کسی ایسے خارجی امر کے واسطے سے لاحق ہو اور معروض کے مابین ہو مثال الماء حارجہ حرارت

سوال

دور اور تسلسل کی تعریف بیان کریں؟

جواب

دور:

ایک شہر دوسری شے پر موقوف ہو اور دوسری شے خود پہلی شے پر موقوف ہو۔

تسلسل:

کسی نظری چیز کو حاصل کرنے کے لیے امور غیر متناہی کو ترتیب دینا تسلسل کہلاتا ہے۔

سوال

دور اور تسلسل کا حکم بیان کریں؟

جواب

دور اور تسلسل کا حکم اس لیے باطل ہے کے دور اس لیے باطل ہے کہ اس سے لازم اتا ہے کہ ایک چیز خود اپنے وجود پر مقدم ہو جائے گی-اور تسلسل اس لیے باطل ہے کہ اس سے لازم اتا ہے کہ انسان غیر متناہی علم حاصل کر کے مطلوب تک پہنچے حالانکہ نفس انسانی حادث ہے اور وہ غیر متناہی علم کا احاطہ نہیں کر سکتا-

سوال

نظر و فکر کی تعریف کریں؟

جواب

امور معلومہ کو اس طرح ترتیب دینا کہ وہ ترتیب دینا امور مجہولہ تک پہنچا دے نظر و فکر کہلاتا ہے۔

سوال

ترتیب کی تعریف بیان کریں-

جواب

متعدد اشیاء کو اس طرح رکھنا کہ ان سب پر ایک نام بولا جا سکے بعض کو بعض پر مقدم کرنے کے ساتھ بعض کو بعض پر موءخر کرنے کا نام ترتیب ہے۔

سوال

منطق کی حاجت کیوں پیش آئی بیان کریں ؟

جواب

منطق کی حاجت اس لیے پیش آئی کیونکہ ہر نظر و فکر درست نہیں ہوتی اگر ہر نظر ہو فکر درست ہوتی تو مناطقہ کے آئمہ کا اس میں اختلاف نہ ہوتا اس لیے ہمیں ایسے اصول ضوابط کی ضرورت پیش آئی جس کے ذریعے ہم نظر و فکر کو پہچان سکیں ۔

سوال

منطق کی تعریف اور وجہ تسمیہ بیان کریں؟

جواب

منطقی کی تعریف:

ایسا آلہ قانونیہ جس کی رعایت کرنا ذہن کو فکر میں غلطی سے بچالے علم منطق کہلاتا ہے ۔

وجہ تسمیہ:

اس کے ذریعے قوت نطقیہ کا ظہور ہوتا ہے اس لیے اس کو منطق کہتے ہیں ۔

سوال

مطلق موضوع کی تعریف کریں؟

جواب

ہر علم کا موضوع وہ ہوتا ہے جس کے عوارض اس کے بارے میں اس علم میں بحث کی جائے مثال علم طب کا موضوع انسانی بدن ہے اور بدن کے بارے میں اس علم میں بحث کی جاتی ہے۔

سوال

عارض کی تعریف بیان کریں؟

جواب

جب قضیہ میں محمول موضوع کی حقیقت سے ہو تو اسے عارض کہتے ہیں ۔

سوال

منطق کی حاجت کیوں پیش آئی بیان کریں ؟

جواب

منطق کی حاجت اس لیےپیش آئی کیونکہ ہر نظر و فکر درست نہیں ہوتی اگر ہر نظر ہو فکر درست ہوتی تو مناطقہ کے آئمہ کا اس میں اختلاف نہ ہوتا اس لیے ہمیں ایسے اصول ضوابط کی ضرورت پیش آئی جس کے ذریعے ہم نظر و فکر کو پہچان سکیں ۔

سوال

منطق کی تعریف اور وجہ تسمیہ بیان کریں؟

جواب

منطقی کی تعریف:

ایسا آلہ قانونیہ جس کی رعایت کرنا ذہن کو فکر میں غلطی سے بچالے علم منطق کہلاتا ہے ۔

وجہ تسمیہ:

اس کے ذریعے قوت نطقیہ کا ظہور ہوتا ہے اس لیے اس کو منطق کہتے ہیں ۔

سوال

مطلق موضوع کی تعریف کریں؟

جواب

ہر علم کا موضوع وہ ہوتا ہے جس کے عوارض اس کے بارے میں اس علم میں بحث کی جائے مثال علم طب کا موضوع انسانی بدن ہے اور بدن کے بارے میں اس علم میں بحث کی جاتی ہے۔

سوال

عارض کی تعریف بیان کریں؟

جواب

جب قضیہ میں محمول موضوع کی حقیقت سے ہو تو اسے عارض کہتے ہیں ۔

وضعیہ التزامیہ:
وہ دلالت جس میں لفظ نہ تو پورے معنی موضوع لہ پر دلالت کرے اور نہ ہی جزء پر دلالت کرے بلکہ ایسے معنی پر دلالت کرے جو موضوع لہ سے خارج ہو اور موضوع لہ کے لیے لازم بھی ہو مثال انسان کی دلالت قابل علم پر اور فن کتابت پر

سوال

لازم کی تعریف کریں؟

جواب

وہ شے جس سے موضوع کی طرف ذہن منتقل ہو جائے۔

سوال

دلالت مطابقیہ کی اقسام بیان کریں؟

جواب

اس کی دو قسمیں ہیں-

1 مفرد 2 مرکب

1 مفرد:
لفظ کے جزء سے اس کے معنی کا قصد نہ کیا گیا ہو مثال زید کی دلالت ذات زید پر

2 مرکب:
لفظ کے جز سے اس کے معنی کے جزء قصد کیا گیا ہو۔

سوال

مفرد کی اقسام بیان کریں کیا بات ہے؟

جواب

مفرد کی تین قسمیں ہیں

1 اسم:

جو اکیلے خبر دینے کی صلاحیت رکھتا ہو اگر اور اس میں کوئی زمانہ نہ پایا جائے مثال زید

2 کلمہ:

وہ مفرد جو اکیلے خبر دینے کی صلاحیت رکھتا ہو اور وہ اپنی ہیت کے ساتھ تینوں و زمانوں میں سے کسی متعین زمانے پر دلالت کرے مثال ضرب

3 ادات

وہ مفرد جو اکیلے خبر دینے کی صلاحیت نہ رکھتا ہو اور اس میں کوئی زمانہ بھی نہ پایا جاتا ہو مثال من اور فی

سوال

ہیئت کی تعریف بیان کریں؟

جواب

کسی لفظ کی وہ صورت جو حرکات و سکنات اور الفاظ کے تقدم وتاءخر سے حاصل ہوتی ہے

سوال

اسم کی اقسام بیان کریں؟

جواب

اسم کی ساتاقسام ہیں۔

1 جزئی حقیقی یا علم:

وہ لفظ جس کا معنی متعین شخص ہو مثال زید

2 متواطی:

وہ لفظ مفرد جس کا معنی متعین شخص نہ ہو بلکہ اس کے بہت سارے افراد ہوں اور وہ تمام افراد پر برابر برابر صادق آئے

مثال لفظ انسان یہ اس کے تمام افراد پر برابر صادق اتا ہے

3 مشکک:

وہ لفظ مفرد جس کے معنی واحد کلی ہو اور اپنے تمام افراد پر برابر برابر صادق نہ ائے

مثال ابیض(سفیدی) اسود (سیاہی)

مشترک: 4

وہ لفظ مفرد جس کے کثیر یں معنی ہو اور اسے واضع نے ہر ایک کو علیحدہ علیحدہ معنی کے لیے وضع کیا ہو۔

مثال لفظ عین اس کے معنی ہیں آنکھ، چشمہ، وغیرہ

4 منقول:

وہ لفظ مفرد جو ایک معنی کے لیے وضع کیا گیا ہو اور بعد میں دوسرے معنی میں استعمال کیا جانے لگا ہو اور پھر اس میں مشہور بھی ہو -

مثال صلاۃ کا لغوی معنی دعا ہے لیکن شریعت میں اس سے مراد نماز ہے

6 حقیقت:

وہ لفظ مفرد جس کو جو معنی کے لیے وضع کیا گیا ہو اور وہ اسی معنی میں ہی استعمال ہو

مثال

اسد بول کر شیر مراد لینا

7 مجاز

وہ لفظ مفرد جس کو جس معنی کے لیے وضع کیا گیا ہو اور وہ اس کے غیر میں استعمال ہو

مثال

اسد بول کر بہادری مراد لینا

سوال

منقول کی اقسام بیان کریں ؟

جواب

اس کی تین قسمیں ہیں

1 منقول شرعی؛

اگر نقل شریعت مقرر کرنے والا ہو تو منقول شرعی کہلاتا ہے

مثال لفظ صلاۃ کا لغوی معنی ہے دعاء ہے اور شریعت کی اصطلاح میں اس سے مراد نماز ہے

2 منقول اصطلاحی:

اگر نقل کرنے والا خاص طبقے کے لوگ ہوں

مثال ;لفظ فعل اس کا معنی ہے کام لیکن نحویوں نے اس سے مراد لیا ہے کہ ہر وہ لفظ جو مستقبل مفہوم ہو اس میں تین زمانوں میں سے کوئی زمانہ پایا جائے

منقول عرفی بس:

اگر نقل کرنے والے عام طبقے کے لوگ ہوں

مثال لفظ دھابہ کے اصل معنی ہیں ہر وہ جاندار جو زمین پر چلتا ہے خواہ وہ چار پاؤں والا ہو یا دو پاؤں والا ہو پھر جو پائیں کے لیے استعمال کرنے لگے اور اس میں معنی مشہور بھی ہو گیا

سوال

مرکب تام کی اقسام بیان کریں؟

جواب

اس کی دو قسمیں ہیں

1خبر

جس کے کہنے والے کو سچے جھوٹا کہا جا سکتا ہو۔

مثال زید قائم

2انشاء

جس کے کہنے والے کو سچا جھوٹا نہ کہا جا سکتا ہوں۔

مثال اضرب

سوال

مرکب تقیدی اور غیر تقیدی کی تعریف کریں؟

جواب

مرکب تقیدی :

جس میں جزء ثانی جزء اول کے لیے قید بنے مثال کتاب اللہ

2 غیر تقیدی:

جس میں جزء ثانی جزء اول کے لیے قید نہ بنے

مثال قد ضرب

سوال

معانی کسے کہتے ہیں ؟

جواب

ان ذہنی سورتوں کو کہتے ہیں جن کے مقابلے میں الفاظ موضوع ہیں -

سوال

مفہوم کسے کہتے ہیں ؟

جواب

جو عقل میں حاصل ہوں اسے مفہوم کہتے ہیں اور اس کی دو قسمیں ہیں کلی اور جزی

سوال مرکب کے اقسام بیان کریں ؟

جواب

اس کی دو قسمیں ہیں 1مرکب تام 2 غیر تام

1مرکب تام:

جس پر سکوت درست ہو

مثال زید قائم

2 مرکب غیر تام:

جس پر سکوت درست نہ ہو

مثال رجل قائم

سوال

مفہوم کی کتنی قسمیں ہیں؟

جواب

مفہوم کی دو قسمیں ہیں 1کلی 2 جزئ

سوال

کلی اور جزئ کی تعریف بیان کریں؟

جواب

1 کلی:

وہ مفہوم جس کا نفس تصور کثیرین پر صادق انے سے مانع نہ ہو

مثال

لفظ انسان یہ زید بکر عمر سب پر صادق اتا ہے

2 جزئ:

وہ مفہوم جس کا نفس تصور کثیرین پر صادق آنے سے مانع ہو

جیسے زید انسان پر

سوال

کلی ذاتی کی تعریف بیان کریں؟

جواب

اگر کلی اپنی جزئیات کی ماہیت میں داخل ہو تو اس کو کلی ذاتی کہتے ہیں

سوال

کلی ذاتی کی اقسام بیان کریں؟

جواب

کلی ذاتی کی تین قسمیں ہیں

1 نوع 2 جنس 3 فصل

1نوع:

نو وہ کلی ہے جو ماھو کے جواب میں ایسے کثیر افراد پر بولی جائے جن کی حقیقتیں ایک ہو جیسی انسان

2 جنس:

وہ کلی ہے جو ما ھو کے جواب میں ایسے کثیر افراد پر بولی جائے جن کی حقیقتیں مختلف ہو مثال

حیوان

فصل 3:

فصل وہ کلی ہے جو،، ای شیء ھو فی ذاتہ کے،، جواب میں کسی چیز پر بولی جائے جیسے اگر انسان کے بارے میں سوال کیا جائے تو جواب میں ناطق آئے گا-

سوال

اعتبار سے نوع کی اقسام بیان کریں؟

جواب

اس کی دو قسمیں ہیں

متعد الاشخاص 2 غیر متعد الا اشخاص 1

متعد الاشخاص 1:

یہ وہ کلی ہے جو شرکت اور خصوصیت دونوں کے اعتبار سے ایک ساتھ ماھو کے جواب میں بولی جائے۔

مثال

انسان

متعد الاشخاص 2:

یہ وہ کلی ہے جو محض خصوصیت کے اعتبار سے ماں ہوا کے جواب میں بولی جائے جن کی حقیقتیں مختلف ہوں

۔مثال

سورج

سوال

جزء تمام مشترک کی تعریف کریں؟

جواب

وہ جزءجو ماہیت اور نو ع آخر کے درمیان جو اجزاء مشترک ہیں وہ سب اس جزء تمام مشرک میں داخل ہوں اس سے خارج نہ ہوں جیسے حیوان کے یہ انسان اور فرص کے درمیان جزءتمام مشترک ہے

سوال

جنس کی اقسام بیان کریں ؟

جواب

1 جنس قریب　　　2 جنس بعید

1 جنس قریب:

ماہیت اور اس کے بعض مشارکات کے جواب بعنہ و ھی جواب ئے جو جواب ماہیت اور اس کے جمیع مشارکات کے بارے میں سوال کرنے سے آئے

مثال

حیوان2

جنس بعید:

ماہیت اور اس کے بعض مشارکات ۔کے جواب میں بعینہٖ وہی جواب نہ آئے جو اس ماہیت اور اور اس کے جمیع مشارکات کے بارے میں سوال کرنے سے آئے جیسے جسم نامی

سوال

فصل کی اقسام بیان کریں ؟

جواب

1فصل قریب:

یہ وہ کلی ہے جو ماہیت کو جنس قریب کے مشارکات سے تمیز دے

جیسے

ناطق انسان کے لیے

فصل بعید 2:

یہ وہ کلی ہے جو ماہیت کو جنس بعید کے مشارکات سے تمیز دے

جیسے

حساس انسان کے لیے

سوال

لازم کی اقسام بیان کریں ؟

جواب

1 عرض لازم:

وہ جس کا ماہیت سے جدا ہونا ممکن نہ ہو ، کبھی یہ وجود کو لازم ہوتا ہے سیاہی حبشی کے لیے

2 عرض مفارقت:

جس کا ماہیت سے جدا ہونا ممکن ہو جیسے جوانی

سوال

عرض مفارقت کی اقسام بیان کریں -

جواب

دوہیں ۔

سریع ازوال :

جو جلدی زائل ہونے

جیسے ۔

شرمندگی کی سرخی

2 بطئ ازوال:

جو دیر سے زائل ہو

جیسے

جوانی اور بڑھاپا

سوال

عرض عام کی تعریف بیان کریں ؟

جواب

یہ وہ کلی ہے جو ایک سے زائد افراد پر قول عرض کے طور پر بولی جائے

جیسے نازی

سوال

تعریف حدی اور تعریف رومی کسے کہتے ہیں ؟

جواب

تعریف حدی: جو ذاتیات پر مشتمل ہو ۔

تعریف رومی :

جو عرضیات پر مشتمل ہو۔

سوال

حمل کی کتنی قسمیں ہیں ؟

جواب

حمل کی دو قسمیں ہیں ۔

1 حمل با المواطات:

یہ وہ حمل کے جو شے کی حقیقت پر بلا واسطہ ہو

جیسے ناطق ،ضاحک ،انسان کے لیے

حمل با الاشتیاق:

یہ وہ حمل ہیں جو ذو کے واسطے سے لاحق ہو

جیسے ذو نطق ، ذو ضاحک وغیرہ

سوال

کلی کا وجود خارج میں پائے جانے کے اعتبار سے کتنی قسمیں ہیں ؟

جواب

چھ قسمیں ہیں۔

1کلی کا پایا جانا ممتنع ہو مثال

شریک باری تعالیٰ

2کلی کا پایا جانا ممکن ہو لیکن کوئی فرد نہ پایا جاتا ہو

جیسے

عنقاء

3 کلی کا ایک فرد پایا جاتا ہو اور دوسرے فردکا پایا جانا ممتنع ہو

جیسے

واجب الوجود

4کلی کا ایک فرد پایا جاتا ہو اور دوسرے کا پایا جانا ممکن ہو

جیسے

سورج

5 کلی کے متناہی افراد پائے جاتے ہوں جیسے سات سیارے

6کلی کے غیر متناہی افراد پائے جاتے ہوں

جیسے

نفوس ناطقہ

سوال

نسبت تساوی کی تعریف کریں؟

جواب

دو کلیوں میں سے ہر ایک کلی کا دوسری کلی کے تمام افراد پر برابر صادق آئے تو نسبت تساوی ہوگی

مثال

انسان اور ناطق

سوال

نسبت تباین کی تعریف کریں؟

جواب

دو کلیوں میں سے ہر ایک کلی دوسری کلی کے کسی بھی فرد پر صادق نہ ائے تو نسبت تباین ہو گئی جیسے

پتھر اور انسان

سوال

عموم خصوص مطلق کی تعریف کریں؟

جواب

ایک کلی دوسری کلی کے تمام افراد پر صادق آئے جب کہ دوسری کلی پہلی کلی کے تمام افراد پر صادق نہ آئے بلکہ بعض پر صادقہ آئے ۔

مثال

حیوان اور انسان

سوال

عموم خصوص من وجہ کی تعریف کریں؟

جواب

دو کلیوں میں سے ہر ایک کلی دوسری آئے کلی کے بعض افراد پر صادق کا آئےاور بعض پر صادق نہ آئے

مثال

حیوان اور سفید

سوال

جزئ کی اقسام بیان کریں ؟

جواب

اس کی دو قسمیں ہیں

1 جزئ حقیقی 2جزئ اضافی

1جزئ حقیقی:

وہ مفہوم جس کا نفس تصور کثیر افراد پر صادق آنے سے مانع ہوں

مثال

زید انسان

2جزئ اضافی:

ہر وہ شخص جو تحت الا العام آئے تو اسے جزی اضافی کہتے ہیں

سوال

نوع کی کتنی اقسام ہیں ؟

جواب

اس کی دو قسمیں ہیں ۔

نوع حقیقی:

جواب

ایسی کلی جو ماھو کے جواب میں ایسے کثیر افراد پر بولی جائے جن کی حقیقت متفق ہوں

مثال

انسان

2 نوع اضافی:

ہر وہ کلی جو ماہیت اور اس کے غیر کو ملا کر ماھو سے سوال کیا جائے تو جواب میں بلاواسطہ جنس واقع ہو جائے

جیسے کوئی سوال کرے الانسان والفرس ما ھما؟تو جواب میں حیوان آئے

سوال

نوع اضافی کے مراتب بیان کریں ؟

جواب

اس کے چار مراتب ہیں ۔

1نوع عالی؛

وہ نوع جس کے نیچے نوع ہو پر اس کے اوپر کوئی نوع نہ ہو

مثال

جسم مطلق

2 نوع سافل:

جس کے اوپر نوع ہو اور نیچے کوئی نوع نہ ہو

مثال

انسان

3نوع متوسط:

جس کے اوپر بھی نوع ہو اور نیچے بھی نوع ہو

مثال

حیوان اور جسم نامی

4نوع متفرد:

جس کے نہ نیچے کوئی نوع ہو نہ ہی اس کے اوپر کوئی نوع ہو

مثال عقل

سوال

جنس کے مراتب بیان کریں ؟

جواب

اس کے چار مراتب ہیں۔

جنس عالی:

جس کے نیچے جنس ہو اور اوپر کوئی جنس نہ ہو -مثال جوہر

جنس سافل:

جس کے اوپر جنس ہو اور اس کے نیچے کوئی جنس نہ ہو

مثال

حیوان

جنس متوسط:

جس کے اوپر بھی جنس ہو اور نیچے بھی جنس ہو

مثال

جسم نامی، اور جسم مطلق

جنس متفرد:

جس کے نہ اوپر جنس ہو اور نہ ہی نیچے جنس ہو

عقل

سوال

فصل مقسم کی تعریف کریں؟

جواب

وہ فصل جس کی نسبت جنس کی طرف ہو اور اس جنس کو تقسیم کر دے۔

سوال

فصل مقوم کی تعریف کریں؟

جواب

وہ فصل جس کی نسبت نوع کی طرف ہو اور وہ نوع کی ذات میں داخل ہو اس میں نوع کا جزء ہو۔

سوال

معرف کی تعریف کریں؟

جواب

معرف وہ ہے کہ جس کے تصور سے شیے کا تصور لازم آئے۔

سوال

معرف کی اقسام بیان کریں؟

جواب

معرف کی چار اقسام ہیں۔

1 حد تام:

جو تعریف جن سے قریب اور فصل قریب سے کی جائے

جیسے انسان کی تعریف حیوان ناطق سے

2 حد ناقص:

جو تعریف صرف فسر قریب سے کی جائے

جیسے انسان کی تعریف ناطق سے کرنا

3 رسم تام:

جو تعریف جنس قریب اور خاصہ سے کی جائے۔

جیسے انسان کی تعریف حیوان ضاحک سے کرنا

4 رسم ناقص:

اگر تعریف صرف خاصا سے کی جائے۔

جیسے انسان کی تعریف ضاحک سے کرنا۔

سوال

قضیہ کی تعریف بیان کریں؟

جواب

وہ قول جس کے قائل کو سچا یا جھوٹا کہا جا سکتا ہو

سوال

قضیے کی اقسام بیان کریں ؟

جواب

قضیہ کی دو قسمیں ہیں۔

1 قضیہ حملیہ:

جس میں ایک شے کے لیے دوسری شے کو ثابت کیا گیا ہو یا ایک شے سے دوسری شے کی نفی کی گئ ہو

مثال

زید قائم

2 قضیہ شرطیہ:

وہ قضیہ جو دو قضیوں کی طرف تقسیم ہوتا ہے۔

سوال

قضیہ شرطیہ کی اقسام بیان کریں؟

جواب

1 متصلہ منفصلہ

1 متصلہ:

وہ قضیہ شرطیہ جس میں ایک قضیے کو دوسرے قضیے کے لیے ثابت کیا گیا ہو یا اس سے نبی کا حکم لگایا گیا ہو

2 منفصلہ:

وہ قضیہ شطیہ جس کے دونوں قضیوں کے درمیان انفصال کا حکم لگایا جائے۔

وہ قضیہ شطیہ جس کے دونوں قضیوں کے درمیان انفصال کا حکم لگایا جائے۔

سوال

قضیہ شرطیہ منفصلہ کی اقسام بیان کریں؟

جواب

اس کی تین قسمیں ہیں۔

1 حقیقیہ:

وہ قضیہ منفصلہ جس میں مقدم اور تالی کے درمیان انفصال کا حکم صدق اور کذب دونوں میں ہو جیسے

جفت اور طاق

2مانعتہ الجمع:

وہ قضیہ منفصلہ جس میں مقدم اور تالی کے درمیان انفصال صرف صدق میں ہو نہ کہ کذب میں جیسے

یہ شے پتھر ہو گئی یا شجر ہو گی

3 مانعتہ الخلو:

وہ قضیہ منفصلہ ہے جس میں مقدم اور تالی کے درمیان انفصال صرف ص

کذب میں ہو اور اور سدک میں نہ ہو

جیسے

زید یا دریا میں ہوگا یا نہیں ڈوبے گا

۔

سوال

قضیہ حملیہ کے اجزاء بیان کریں؟

جواب

قضیہ حملیہ کے تین اجزاء ہیں

1 محکوم علیہ 2 محکوم بہ 3 نسبت

سوال

رابطہ کی تعریف اور اقسام بیان کریں؟

جواب

رابطہ:

جو لفظ موضوع اور محمول کی نسبت پر دلالت کرے اس رابطہ کہتے ہیں ۔

اس کی دو قسمیں ہیں

1 رابطہ زمانی:

جو اس ذات پر دلالت کرے کہ جو نسبت موضوع اور معمول کے درمیان ہے وہ تین زمانوں میں سے کسی ایک زمانے میں پائی جائے ۔

مثال

زید کان قائم

2 رابطہ غیر زمانی:

جو کسی زمانے پر دلالت نہ کریں ۔

مثال

زید گز جو عالم

سوال

را بطے کے اعتبار سے قضیہ کے اقسام بیان کریں ؟

جواب

اس کی دو قسمیں ہیں

1 ثلاثیہ    2 ثنایہ

1 ثلاثیہ:

جس میں را بطے کو ذکر کیا گیا ہو

ثنایہ:

جس میں رابطہ کو حذف کیا گیا ہو

سوال

قضیہ حملیہ کے اقسام بیان کریں؟

جواب

قضیہ حملیہ کی دو قسمیں ہیں

1 موجبہ:

وہ قضیہ جس میں ایک شے کو دوسری شے کے لیے ثابت کیا گیا ہو۔

مثال

زید عالم

2 سالبہ:

وہ قضیہ جس میں ایک شے کو دوسری سے نفی کی گئی ہو۔

مثال

بکر لیس بجاھل

سوال

قضیہ حملیہ کی موضوع کے اعتبار سے اقسام بیان کریں؟

جواب

1 شخصیہ 2 محصورہ 3 طبعیہ

4 مہملہ

1 شخصیہ:

ایسا قضیہ حملیہ جس کا موضوع معین شخص ہو۔

مثال

قلم جمیل

2 طبعیہ:

وہ قضیہ حملیہ جس کا موضوع کلی ہو اور حکم نفس حقیقت پر ہو

مثال

الانسان نوع

3 محصورہ:

ایسا قضیہ حملیہ جس کا موضوع کلی ہو اور حکم اس کلی کے افراد پر ہو اور ان افراد کی مقدار بیان کر دی جائے۔

مثال

کل انسان حیوان

4 مہملہ:

ایسا قضیہ حملیہ جس کا موضوع کلی ہو اور حکم کلی کے افراد پر ہو اور افراد کی تعداد بیان نہ کی جائے۔

مثال

الانسان حیوان

سوال

قضیہ محصورہ کی اقسام بیان کریں؟

جواب

اس کی چار اقسام ہیں.

1 موجبہ کلیہ:

وہ قضیہ جس میں محمول موضوع کے تمام افراد کے لیے ثابت مانا گیا ہو۔

مثال

کل انسان حیوان

2 موجبہ جزءیہ:

وہ قضیہ جس میں محمول موضوع کے بعض افراد کے لیے ثابت کیا گیا ہو۔

مثال

بعض الحیوان انسان

3 سالبہ کلیہ:

جس میں موضوع کے تمام افراد سے محمول کی نفی کی جائے۔

مثال

لا شیئ من الانسان بحجر

4 سالبہ جزئیہ:

وہ قضیہ جس میں موضوع کے بعض افراد سے محمول کی نفی کی گئی ہو۔

مثال

بعض الحیوان لیس بانسان

سوال

سور کی تعریف بیان کریں ؟

جواب

وہ لفظ جس سے موضوع کے افراد کی مقدار کو کلا یا بعضا

بیان کی جاتی ہے

مثال

عربی زبان میں ،کل ،بعض، لاشیئ وغیرہ

اردو میں، تمام، کوئ، کچھ، کچھ نہیں وغیرہ الفاظ

سوال

موجبہ کلیہ اور جزئیہ کا سپر بیان کریں؟

جواب

1 موجبہ کلیہ کا سور کل سے آتا ہے۔

2 موجبہ جزءیہ کا سور دو ہیں

بعض اور واحد

سوال

سالبہ کلیہ اور سالبہ جزئیہ کا سور بیان کریں؟

جواب

سالبہ کلیہ کا سور لاشئ اور لا واحد ہے۔

سالبہ جزئیہ کے تین سور ہیں۔

لیس کل، بعض، بعض لیس

سوال

قضیہ حقیقیہ کی تعریف کریں؟

جواب

وہ قضیہ جس میں موضوع کے افراد پر مطلقا حکم لگایا گیا خواہ وہ خارج میں موجود ہو یا نہ ہوں۔

مثال

کل عنقاء طائر

سوال

قضیہ خارجیہ کی تعریف لکھیں ؟

جواب

وہ قضیہ جس میں ان افراد پر حکم لگایا گیا ہو جو خارج میں موجود ہوں۔

جیسے

کل طالب مجتھد

سوال

حرف سلب کے اعتبار سے قضیہ حملیہ کی اقسام بیان کریں؟

جواب

اس کی دو قسمیں ہیں

1 معدولہ:

وہ قضیہ حملیہ جس میں حرف سلب موضوع محمول میں سے کسی کا جزء ہو۔

2 محصلہ:

وہ قضیہ حملیہ جس میں حرف سلب موضوع محمول میں سے کسی کا جزنہ ہو۔

سوال

قضیہ معدولہ کی اقسام بیان کریں؟

جواب

1 معدولۃ الموضوع:

جس میں حرف سلب موضوع کا جزء ہو۔

جیسے اللاحی

2 معدولۃ المحمول:

جس میں حرف سلب محمول کا جزء ہو۔

جیسے۔

الجماد لا عالم

3 معدولۃ الطرفین:

جس میں حرف سلب موضوع اور محمول دونوں کا جزء ہو۔

جیسے

اللاحی کا عالم

سوال

قضیہ مطلقہ کی تعریف کریں؟

جواب

قضیہ حملیہ کی نسبت کی کیفیت کو لفظوں میں بیان نہ کیا جائے تو یہ قضیہ مطلقہ کہلاتا ہے۔

سوال

صاحب قطبی نے کتنے بسیط ذکر کیے ہیں

جواب

صاحب کتبی نے چھ بسیط ذکر کیے ہیں.

**1 ضروری مطلقہ 2 دائمہ مطلقہ 3 مشروط عامہ 4 عرفیہ عامہ 5 مطلقہ عامہ 6 ممکنہ عامہ**

سوال

ان کی اقسام کی تعریفیات بیان کریں ؟

جواب

1 ضرویہ مطلقہ:

وہ قضیہ جس میں محمول کا ثبوت موضوع کے لیے یا محمول کی نفی موضوع سے ضروری ہو جب تک کے موضوع کی ذات موجود ہو۔

2 دائمہ مطلقہ:

وہ قضیہ جس میں محمول کا ثبوت موضوع کے لیے یا محمول کی نفی موضوع سے دائمی ہو جب تک کہ موضوع کی ذات موجود ہو

3 مشروط عامہ:

وہ قضیہ جس میں محمول کا ثبوت موضوع کے لیے یا محمول کی نفی موضوع سے ضروری ہو جب تک کے موضوع کی ذات وصف موضوع کے ساتھ متصف ہو۔

4 عرفیہ عامہ:

وہ قضیہ جس میں محمول کا ثبوت موضوع کے لیے یا محمول کی نفی موضوع سے دائمی ہوں جب تک کہ موضوع کی ذات وصف موضوع سے متصف ہو۔

5مطلقہ عامہ:

وہ قضیہ ہے جس میں محمول کا ثبوت موضوع کے لیے یا محمول کی نفی موضوع سے ضروری ہو تینوں زمانوں میں سے کسی ایک زمانے میں۔

6 ممکنہ عامہ:

وہ قضیہ جس میں یہ بتایا جائے کہ اس کی مخالف جانب ضروری نہیں ہے یعنی اگر موجبہ ہو تو سب ضروری نہیں ہے اگر سالبہ ہو تو ایجاب ضروری نہیں ہے۔

سوال

قضیہ شرطیہ متصلہ کی تعریف بیان کریں -

جواب

وہ قضیہ جس میں ایک کو مان لینے کے بعد دوسرے قضیے کے ثبوت یا نفی کا حکم ہو۔

سوال

قضیہ شرطیہ متصلہ کی اقسام بیان کریں؟

جواب

اس کی دو قسمیں ہیں۔

1 لزومیہ ;

وہ قضیہ شرطیہ جس میں مقدم اور تالی کے درمیان اتصال کسی علاقے کی وجہ سے ہو

2 اتفاقیہ:

وہ قضیہ شرطیہ جس میں مقدم اور تالی کا اتصال کسی علاقے کی بنا پر نہ ہو بلکہ دونوں اتفاقیہ طور پر جمع ہو گئے ہوں۔

سوال

علاقہ تضایف کی تعریف کریں؟

جواب

ایسا علاقہ جس میں مقدم اور تالی ہر ایک دوسرے پر موقوف ہو۔

سوال

شرطیہ متصلہ کی قسم قضیہ اتفاقیہ کی تعریف لکھیں ؟

جواب

وہ قضیہ شرطیہ جس میں مقدم اور تالی کا اتصال کسی علاقے کی بنا پر نہ ہو بلکہ دونوں اتفاقیہ طور پر جمع ہو جائے۔

سوال

قضیہ شرطیہ منفصلہ کی تعریف بیان کریں؟

جواب

جس میں مقدم اور تالی کے درمیان انفصال کا حکم لگایا گیا ہو۔

سوال

شرطیہ منفصلہ کی اقسام بیان کریں؟

اس کی تین قسمیں ہیں۔

1 حقیقیہ 2 مانعتہ الجمع 3مانعتہ الخلو

1 حقیقیہ:

وہ قضیہ منفاصلہ جس پہ مقدم اور تالی کے درمیان انفصال صدق اور کذب دونوں میں ہو۔

جیسے

یہ عدد جفت ہے یا طاق ہوگا

2 مانعتہ الجمع:

وہ قضیہ منفصلہ جس میں مقدم اور تالی کے درمیان انفصال صرف صدق میں ہو ناکہ کے کذب میں ہو ۔

جیسے

یہ شے درخت ہوگی یا پتھر ہو گی

جواب

ایسا علاقہ جس میں مقدم اور تالی ہر ایک دوسرے پر موقوف ہو۔

سوال

شرطیہ متصلہ کی قسم قضیہ اتفاقیہ کی تعریف لکھیں ؟

جواب

وہ قضیہ شرطیہ جس میں مقدم اور تالی کا اتصال کسی علاقے کی بنا پر نہ ہو بلکہ دونوں اتفاقیہ طور پر جمع ہو جائے۔

سوال

قضیہ شرطیہ منفصلہ کی تعریف بیان کریں؟

جواب

جس میں مقدم اور تالی کے درمیان انفصال کا حکم لگایا گیا ہو۔

سوال

شرطیہ منفصلہ کی اقسام بیان کریں؟

اس کی تین قسمیں ہیں۔

1 حقیقیہ 2 مانعتہ الجع 3مانعتہ الخلو

1 حقیقیہ:

وہ قضیہ منفاصلہ جس پہ مقدم اور تالی کے درمیان انفصال صدق اور کذب دونوں میں ہو۔

جیسے

یہ عدد جفت ہے یا طاق ہوگا

2 مانعتہ الجمع:

وہ قضیہ منفصلہ جس میں مقدم اور تالی کے درمیان انفصال صرف صدق میں ہو ناکہ کے کذب میں ہو ۔

جیسے

یہ شے درخت ہوگی یا پتھر ہو گی

3 مانعتہ الخلو:

وہ قضیہ منفصلہ جس میں مقدم اور تالی کے درمیان انفصال صرف کذب میں ہو اور صدق میں نہ ہو۔

جیسے زید یا دریا میں ہوگا یا نہیں ڈوبے گا۔

# تمّت بالخیر

## جامعہ فیضان جیلان کرڑیال لاہور